## سوال

نماز میں سورۃ الفاتحہ پڑھنے اور بعض آیات کا جواب دینے کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب آیت کریمہ ﴿اِیَّاکَ نَعبُدُ وَاِیَّاکَ نَستَعِینُ﴾ پڑھی جاتی ہے تو بعض مقتدی کہتے ہیں: اِستَعَنَّا بِاللّٰہِ ''ہم نے اللہ ہی سے مدد مانگی۔'' تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مقتدی کے لیے حکم شریعت یہ ہے کہ وہ خاموش ہو کر امام کی قراءت سنے۔ امام جب فاتحہ سے فارغ ہو جائے، اور آمین کہے اور مقتدی بھی آمین کہیں تو یہ آمین انسان کو امام کی قراءت فاتحہ کے درمیان میں ہر چیز کہنے سے بے نیاز کر دیتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ273